طنز و مزاح

ساغر اقبالی

زبان میری ہے بات انکی

☆ بے نظیر نے دھمکی دی ہے کہ منہ کھولا تو ۷۰ کلفٹن سے نکال دیں گے۔ (غنویٰ)
خود وزیراعظم ہاؤس سے نکال دی گئیں مگر منہ پھر بھی کھلا ہے۔ اللہ اس کا منہ بند کرے۔

☆ آصف زرداری سمیت کئی وزراء گرفتار (ایک خبر)
بکرے کی ماں کب تک خیر مناتی!

☆ میری حکومت مضبوط ہے۔ (بیرسٹر سلطان)
تمہارے سیاسی باپ بھٹو نے بھی یہی کہا تھا۔

☆ چھپے ہوئے ارکان بے غیرت ہیں۔ (عمران خان)
اس بازار کی رنڈی سے بھی گئے گزرے۔

☆ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی لغاری گروپ میں کوئی فرق نہیں۔ (عابدہ حسین)
عابدہ حسین اور عابدہ پروین میں بھی کوئی فرق نہیں۔

☆ گیٹ ڈاؤن۔ وہی سوال کرے جسے کہا جائے۔ حقانی نے دور آمریت کا ریکارڈ توڑ دیا۔ (ایک خبر)
برسات میں مینڈک ٹرٹراتے ہی ہیں۔

☆ اللہ سے انصاف مانگتے ہیں۔ (بے نظیر)
اب "عوام" کدھر گئے۔

☆ مولانا فضل الرحمن کا سرکاری فون کاٹ دیا گیا۔ (ایک خبر)
انا للہ وانا الیہ راجعون۔

☆ مائیکل جیکسن نے شادی کر لی۔ (ایک خبر)
شیخ رشید کے لئے لمحہ فکریہ!

☆ زرداری نظر بندی میں اعصابی تناؤ کا شکار ہو گئے (ایک خبر)
آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا۔

☆ قومی اسمبلی کی کارکردگی سے مطمئن نہیں تھا۔ لیکن اسمبلی توڑنے کا مخالف ہوں۔ (نوابزادہ نصر اللہ)
پاپوش میں لگائی کرن آفتاب کی...... جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی

☆ یوسف رضا گیلانی نے قومی اسمبلی کو ملتان کونسل بنا دیا (گوہر ایوب)
بُری اوقات، گھٹیا حرکات!

☆ حکومت چاہے گرفتار کر لے۔ بے نظیر کا ساتھ نہیں چھوڑوں گا۔ (نصیر اللہ بابر)
عاشق ہو تو ایسا ہو!

☆ "برطرفی کی اصل وجوہات"..... بے نظیر کتاب لکھیں گی (ایک خبر)
زرداری کے اللے تللے بھی!

☆ سابق وزراء کی سرکاری گاڑیاں واپس، ٹیلیفون بند (ایک خبر)
مَنجیاں مُودیاں، عیاشیاں ملیامیٹ!

☆ اب بھی وزیر اعظم ہوں۔ (بے نظیر کی سپریم کورٹ میں رٹ پٹیشن)
دماغ خراب ہو گیا ہے۔

☆ لگتا ہے پیپلز پارٹی کی مردانہ حکومت کو لایا جا رہا ہے۔ (مسلم لیگ پنجاب)
عادتیں ان کی بھی زنانہ ہو گئی ہیں۔

☆ مجھے وی آئی پی سیٹ چاہئیے۔ (نگران وزیر عابدہ)
کہ عام سیٹ سے تشریف، چھلی جاتی ہے۔

☆ زرداری کو راول ڈیم ریسٹ ہاوس کے سرونٹ کوارٹر میں رکھا گیا ہے۔ (بی بی سی)
حسن والے حسن کا انجام دیکھ ڈوبتے سورج کو وقت شام دیکھ

☆ این ڈی خان لیگل ایڈوائزر کے عہدے سے مستعفی۔ وہ ماہانہ ایک لاکھ تنخواہ لیتے تھے (ایک خبر)
صرف ایک کلبڑی کُنجی کی خوشامد کے صلے میں۔

☆ نگران حکومت میں شرابی اور بد کردار لوگ شامل ہیں۔ (پیپلز پارٹی)
چور وی کھندے چور و چور!

☆ پارلیمنٹ گندگی کا ڈھیر اور ارکان اسمبلی بدمعاشوں کے سرپرست ہیں۔ (قاضی حسین احمد)
اے سربراہان فوج! یہ بات بالکل درست ہے۔

☆ بے نظیر پاگل ہیں۔ کرپٹ لوگ الیکشن اور عوام احتساب چاہتے ہیں۔ (وزیر اعظم معراج خالد)
سچ آکھیا ای سوہنیا!

☆ اظہر سہیل گرفتار کر لئے گئے۔ (ایک خبر)
عینک والا جن بوتل میں بند!

☆ گھر سے دھوتی پہن کر آتا۔ سکول میں داخل ہونے سے پہلے شلوار پہن لیتا۔ (معراج خالد)
لیکن آپ کے نگران وزراء تو دھوتی، شلوار کی ضرورت بھی محسوس نہیں کرتے۔

☆ پولیس افسروں نے چوروں کو اور بدمعاش تھانیدار پالے ہوئے ہیں۔ (چیف جسٹس خلیل الرحمن)
کوئی ہے جو پولیس محکمے سے ہی عوام کو نجات دلا دے!

☆ ہمارے اکلوتے بھائی کو کچھ ہوا تو لغاری ذمہ دار ہوں گے (تین بہنوں کا بیان)
لوٹ مار کے وقت بہنیں کہاں تھیں؟

☆ نگران کابینہ ایماندار ہے۔ قاضی کو اعتراض ہے تو صدر کے پاس جائیں۔ (عابدہ حسین)
جاگیردار اور ایماندار! کیجا ٹیں ٹیں، کجا رام رام

☆ راجہ رانی کا کھیل ختم ہونے والا ہے۔ (لیاقت بلوچ)
رانی گئی زرداری گیا   تماشا دکھا کر مداری گیا

☆ اداکارہ مسرت شاہین نے فضل الرحمن کے مقابلے میں الیکشن لڑنے کا اعلان کر دیا۔ شہید بھٹو گروپ تعاون کرے گا۔ (ایک خبر)
مفتی محمود کی پیروی سے بغاوت کا یہی انجام ہونا تھا۔

☆ قومی اسمبلی میں نوکری کے لئے میرٹ۔ سپیکر گیلانی سے دوستی اور ملتانی ہونا تھا۔ (ایک خبر)
"آسی قیدی تخت لاہور دے" کہنے والے جواب دیں۔

☆ بے نظیر نے وزیر اعظم ہاؤس چھوڑ دیا (ایک خبر)
بہت بے آبرو ہو کر تیرے کوچے سے ہم نکلے۔

☆ نصر اللہ کے پاس صرف ایک نشست تھی مگر میں اور نواز شریف دونوں اس سے ڈرتے تھے۔ فضل الرحمن کے پاس چار نشستیں تھیں۔ مگر وہ سب روشن خیال ہیں۔ (بے نظیر کا کارکنوں سے خطاب)
نصر اللہ خان ہے یا "ڈریکولا"...... "روشن خیال" کتنے لاکھ میں تولا

مدرسہ ختم نبوت مسجد احرار ربوہ

دارالکفر والارتداد ربوہ میں مسلمانوں کا عظیم تعلیمی و تبلیغی مرکز

ڈیڑھ سو سے زائد طلباء و طالبات قرآن کریم کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ بخاری پبلک سکول میں پرائمری تک طلباء تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ مدرسہ پچاس سے زائد طلباء رہائش پذیر ہیں۔ مدرسہ کی توسیع کے لئے مزید دو کنال زمین کی خرید اشد ضروری ہے۔ درسگاہوں اور مسجد اور مسجد کی تعمیر تکمیل کے مراحل میں ہے۔ اپنے عطیات، زکواۃ و صدقات اس کارِ خیر میں دے کر اجر حاصل کریں۔

ترسیل زر کے لئے:۔

سید عطاء المہیمن بخاری، منتظم مدرسہ ختم نبوت، مسجد احرار ربوہ ضلع جھنگ۔ فون: (04524)211523